2024-12-23

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمن

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح مختلف سرکاری محکموں میں نئے مقرر کیے گئے افراد کو، 71 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج نئی دلّی میں، کرسمس تقریبات میں بھی شرکت کریں گے۔

3- بھارت اور کویت نے سرحد پار سمیت، ہر طرح کی دہشت گردی کی، متفقہ طور پر مذمت کی ہے۔

4- آج ملک بھر میں، کسانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔

5- حکومت، ہوائی اڈّوں پر، مناسب قیمت والی کھانے پینے کی چیزیں فراہم کرنے کے لیے 'اُڑان یاتری کیفے' شروع کرے گی۔

6- پاکستان کرکٹ بورڈ نے، 2025 کی ICC چیمپئنس ٹرافی میں بھارت کے میچوں کے لیے، متحدہ عرب امارات کی، ایک غیر جانبدارانہ مقام کے طور پر تصدیق کی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM ROZGAR MELA

وزیراعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرسنگ کے ذریعے نئے بھرتی کیے گئے افراد کو 71 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔ جناب مودی اِس موقع پر ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ روزگار میلہ ملک بھر میں 45 مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔

ایک رپورٹ

V/C Dipendra

روزگار میلے کا آغاز اکتوبر 2022 میں کیا گیا تھا اور اب تک 50 شہروں میں قومی سطح پر اِس طرح کے 13 میلے منعقد کیے جا چکے ہیں۔ مختلف سرکاری محکموں اور وزارتوں میں خالی عہدوں کو پُر کرنے کی سمت ایک قدم بڑھاتے ہوئے اِن میلوں میں نوجوانوں کو لاکھوں تقرر نامے جاری کیے جا چکے ہیں۔

نئے بھرتی کیے گئے افراد، داخلی امور، ڈاک کے محکمے، اعلیٰ تعلیم، صحت اور خاندانی بہبود، مالی خدمات جیسی وزارتوں اور محکموں میں شامل ہوں گے۔ روزگار میلہ وزیراعظم نریندر مودی کے نوجوانوں کے مابین روزگار پیدا کرنے کو اعلیٰ ترجیح دیے جانے کے عہد کو پورا کرنے کی سمت ایک قدم ہے۔

یہ ملک کی تعمیر اور خود کے روزگار میں اپنی حصہ داری کے لیے نوجوانوں کو بامعنی موقع فراہم کر رہا ہے۔

PM CHRISTMAS

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں کرسمس تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اِس تقریب کا اہتمام بھارت کی Catholic Bihsops کانفرنس کے ذریعے کیا جا رہا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودیCardinals Bishops, اور چرچ کے سرکردہ لیڈروں سمیت عیسائی برادری کے ممتاز رہنماؤں کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔

ایسا پہلی مرتبہ ہے کہ وزیراعظم ملک میں Catholic چرچ کے ہیڈ کوارٹرس میں اس طرح کے پروگرام میں شرکت کریں گے۔x

REV.INDIA KUWAIT TERRORISM

بھارت اور کویت نے سرحد پار سمیت سبھی قسم کی دہشت گردی کی متفقہ طور پر مذمت کی ہے۔ دونوں ملکوں نے دہشت گردی کے لیے رقوم فراہم کرنے کے نیٹ ورکس اور دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کے خاتمے اور دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرنے کے لیے بھی کہا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کے، کویت کے دورے میں دونوں ملکوں نے، دہشت گردی کی کارروائیوں کی روک تھام، سائبر سکیورٹی اور بنیاد پرستی کی روک تھام کے سلسلے میں تعاون کو فروغ دینے کے طور طریقوں پر تبادلہٗ خیال کیا۔

وزارتِ خارجہ کی طرف سے جاری ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ملکوں نے، دہشت گردانہ کارروائیوں کی روک تھام کے سلسلے میں تعاون میں اضافہ کرنے سے اتفاق کیا۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ملکوں نے اِس بات سے بھی اتفاق کیا ہے کہ قانون کے نفاذ، کالے دھن کو جائز بنانے، نشیلی اشیاء کی ناجائز تجارت اور دیگر بین ملکی جرائم کے سلسلے میں تعاون کو مستحکم بنایا جائے۔×

JITENDRA GOOD GOVERNANCE

عملے، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ آج نئی دلّی میں اچھی حکمرانی کے طور طریقوں کے بارے میں ایک قومی ورکشاپ کا افتتاح کریں گے۔ سبھی وزارتوں اور محکموں کے افسران، اِس ورکشاپ میں حصہ لیں گے۔

ڈاکٹر سنگھ، چوتھی سوَچھتا مہم کے بہترین طور طریقوں سے متعلق ایک نمائش کا بھی افتتاح کریں گے، جس کا اہتمام مختلف وزارتوں اور محکموں نے کیا ہے۔ نمائش کے دوران ایک جائزہ رپورٹ بھی جاری کی جائے گی۔

چوتھے اچھی حکمرانی ہفتے کے موقع پر، وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اچھی حکمرانی، ملک کی ترقی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایک شفاف، مستعد اور جوابدہ انتظامیہ فراہم کرنا ایک لازمی پہلو ہے، جس سے عوام کی مجموعی فلاح و بہبود اور بہتری ہوتی ہے۔×

FPIS

غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے، دسمبر میں، بھارت کی اثاثہ مارکٹس میں ابھی تک 26 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے، بھارت کی شیئر مارکٹس میں 21 ہزار 789 کروڑ روپے اور قرضہ مارکیٹ میں 4 ہزار 646 کروڑ روپے لگائے ہیں۔ اِس طرح بھارت کی اثاثہ مارکٹس میں کُل سرمایہ کاری 26 ہزار 435 کروڑ روپے ہوئی ہے۔

اِس سے کچھ مہینے پہلے بھارتی مارکٹس سے، بڑے پیمانے پر رقوم نکالی گئی تھیں۔ غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے نومبر میں شیئر مارکیٹ سے 21 ہزار 612 کروڑ روپے اور اکتوبر میں 94 ہزار 17 کروڑ روپے نکالے تھے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ ستمبر کے مہینے میں شیئر مارکیٹ میں FPIs کی رقوم کی آمد، پچھلے 9 ماہ کی مدّت میں سب سے زیادہ رہی۔ یہ رقوم 57 ہزار 724 کروڑ روپے کی تھیں۔

FPIs نے اِس سال ابھی تک، شیئر مارکیٹ میں 6 ہزار 770 کروڑ روپے اور قرض مارکٹس میں ایک لاکھ 11 ہزار 704 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔

اِس طرح بھارتی اثاثہ مارکٹس میں 2024 میں کُل سرمایہ کاری تقریباً ایک اعشاریہ 2 لاکھ کروڑ روپے ہوئی ہے۔×

MP - GLOBAL DESTINATION

وال اسٹریٹ جنرل نے، مدھیہ پردیش کو 2025 کے لیے، "Go - To Global Destinations" میں سے ایک مقام کے طور پر تسلیم کیا ہے۔

اِس سے ریاست کی مالامال وراثت، بے مثال جنگلاتی زندگی اور غیر معمولی فطری خوبصورتی کا اظہار ہوتا ہے۔

سیاحت اور ثقافت کے محکمے کے پرنسپل سیکریٹری اور مدھیہ پردیش سیاحتی بورڈ کے مینیجنگ ڈائریکٹر Sheo شیکھر شکلا نے یہ کہتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا کہ عالمی سطح پر یہ اعتراف کیے جانے سے، مدھیہ پردیش کی، عالمی درجے کے سیاحتی مقام کے طور پر، توثیق ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اِس ریاست میں یونیسکو کے عالمی وراثتی مقامات ہیں، شیروں کی پناہ گاہیں ہیں اور متحرک ثقافتی گوناگونیت ہے، جس سے یہاں کی سیر کرنے والے ہر شخص کو ایک منفرد انداز کا تجربہ ہوتا ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Farmers Day

آج ملک بھر میں کسانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن، ملک کی ترقی اور فروغ میں، کسانوں کے تعاون کے اعزاز میں منایا جاتا ہے۔ یہ دن سب کے لیے خوراک کی  یقین دہانی، دیہی معیشتوں کے استحکام اور ملک کی زرعی وراثت کے تحفظ میں کسانوں کے اہم رول کی یاد دلاتا ہے۔

کسانوں کے، اِس اہم رول کا اعتراف کرتے ہوئے حکومت نے، اُن کی سماجی و اقتصادی ترقی میں مدد دینے اور لگاتار زرعی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے بہت سے اقدام کیے ہیں۔ اِن اقدام میں، پردھان منتری کسان سمّان نِدھی، پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا اور پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا شامل ہے۔

اِن اسکیموں کے تحت کسانوں کے لیے مالی یقین دہانی، خطروں سے نمٹنے اور طویل مدّتی گزر بسر کی یقین دہانی  شامل ہے۔

ملک نے، اِس سال 33کروڑ 22 لاکھ اناج کی پیداوار کی ہے، جو ایک ریکارڈ ہے، جبکہ پچھلے سال 32 کروڑ 97 لاکھ ٹن پیداوار ہوئی تھی۔×

REV, VP CHARAN SINGH AWARDS

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ زراعت، دیہی ترقی کی بنیاد ہے اور جب تک دیہی منظرنامے میں تبدیلی نہیں آتی، بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بننے کی خواہش نہیں کر سکتا۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں، 2024 کے، چودھری چرن سنگھ ایوارڈز حاصل کرنے والی شخصیتوں کے ساتھ بات چیت کے دوران کہی۔

S/B Jagdeep Agri Spine

جناب دھنکھڑ نے کہا کہ گاؤں کی معیشت میں اُسی وقت ترقی ہو سکتی ہے، جب کسان اور اُن کے کنبے، خود کفیل بننے کے لیے مارکیٹنگ، ویلیو ایڈیشن اور کلسٹرز بنانے میں شامل  ہوں گے۔

نائب صدر جمہوریہ نے، چودھری چرن سنگھ کی غیر معمولی وراثت کی تعریف کی۔ انہوں نے دیہی ترقی، کسانوں کی بہبود اور سب کی شمولیت والی ترقی کے تئیں چودھری چرن سنگھ کی اَنتھک محنت کا خاص طور سے ذکر کیا۔

S/B Jagdeep Charan Singh

UDAAN YATRI CAFE

فضائی سفر کرنے والوں کیلئے ایک بڑی راحت کی بات یہ ہے کہ شہری ہوابازی کی وزارت نے "اُڑان یاتری کیفے" شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جو ہوائی اڈے پر کھانے اور پانی جیسی بنیادی لازمی اشیاء، مناسب قیمتوں پر فراہم کرنے کی ایک سہولت ہے۔

کولکاتہ ہوائی اڈے پر اپنی نوعیت کی یہ پہلی سہولت ہے جو آزمائشی طور پر فراہم کی گئی ہے اگر اس میں کامیابی ملی تو یہ ملک کے دیگر ہوائی اڈوں پربھی فراہم کی جائے گی۔

اس کا انتظام بھارت کی ایئرپورٹس اتھارٹی کرتی ہے۔ X

YEAR ENDER SERIES

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ اپنی

YEAR ENDER SERIES

کے تحت، 2024 کی جھلکیاں پیش کرتا ہے۔ آج ہم کھیلوں کی مرکزی وزارت کی حصولیابیوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

ہمارے نامہ نگار کا کہنا ہے کہ سال 2024، بھارتی ایتھلیٹس کی عالمی سطح پر شاندار کارکردگی کے سبب بھارتی کھیلوں میں ایک یادگار سال رہا ہے۔

پیرس پیرالمپک کھیل مقابلوں میں ریکارڈ توڑ کارکردگی سے لے کر شطرنج میں تاریخی جیت تک بھارت نے الگ الگ کھیل مقابلوں میں اپنی بڑھتی ہوئی مہارت کا مظاہرہ کیا ہے۔x

V/C Sumit / Akshit

کھیلوں کی وزارت نے ایتھلیٹس کے لیے بہت سے نئے اقدامات کیے ہیں، جس سے کھیلوں میں مہارت کو فروغ دینے اور آئندہ نسلوں کو تحریک دینے کے ملک کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ ٹارگیٹ اولمپک پوڈیم اسکیم کے تحت، کھیل شخصیتوں کو مقابلوں سے روشناس کرایا جاتا ہے اور تربیت فراہم کی جاتی ہے۔ اسکیم کے تحت بین الاقوامی مقابلوں میں ممکنہ طور پر جیت حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو طے شدہ طریقے سے تربیت دی جاتی ہے۔ کھیلو انڈیا کے تحت ابھرتی ہوئی صلاحیتوں کی شناخت کیرتی پروگرام کو ملک بھر کے نوجوان کھلاڑیوں کو شناخت کرنے میں خاطر خواہ مدد ملی ہے۔ 9 سے 18 سال کی عمر والے، اسکولی بچوں کی شناخت کرنے کے لیے ایک لاکھ 80 ہزار سے زیادہ بچوں کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا گیا۔

ASMITA خواتین لیگ 20قسم کے کھیل مقابلوں میں منعقد کی گئی جس میں چھوٹے سے چھوٹے قصبے اور گاؤں میں بھی خواتین کو ایتھلیٹکس میں سرگرم کرنے پر توجہ دی گئی۔ اِس پہل کے تحت ابھی تک 766 مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جس میں 83 ہزار سے زیادہ خاتون ایتھلیٹس نے حصہ لیا۔ x

SPORT ROUNDUP

اور اب کچھ خبریں کھیلوں کی:

پاکستان کرکٹ بورڈ PCB نے متحدہ عرب امارات (UAE) کو 2025 آئی سی چیمپینس ٹرافی میں بھارتی میچوں کے لیے ایک غیر جانبدار مقام کے طور پر تصدیق کی ہے۔

ایک رپورٹ:

Manik

سیکیورٹی وجوہات سے بھارت کی طرف سے پاکستان کا دورہ کرنے سے انکار کیے جانے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ نے بیسٹ آف Eight ٹورنامنٹ میں بھارت کے میچوں کے لیے UAE کو ایک غیر جانبدارانہ مقام قرار دیا ہے۔

حالانکہ PCB نے اصل مقام کے بارے میں نہیں بتایا ہے لیکن ایسا قوی امکان ہے کہ دبئی اِن میچوں کی میزبانی کرے گا۔

خواتین کرکٹ میں، بھارت کی سلامی بلے باز اسمرتی مندھانا نے کَل شام ودوڈرہ میں پہلے ODI میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 91 رن بناکر خواتین کرکٹ میں ایک نیا سنگِ میل طے کیا ہے۔

اِس میچ میں بھارت کا ویسٹ انڈیز پر غلبہ رہا، اُس نے تین میچوں کی ICC چیمپین شپ سیریز کے پہلے ODI میں 211 رن سے شاندار جیت حاصل کی۔

315 رن کے نشانے کو حاصل کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز کی پوری ٹیم محض 103 رن پر آؤٹ ہوگئی۔

ٹینس میں برازیل کے Joao Fonseeca نے سعودی عرب کی راجدھانی جدہ میں 2024 کے

Next Gen ATP Finals کا خطاب حاصل کیا ہے، انھوں نے متحدہ عرب امارات کے کھلاڑی پر شاندار جیت حاصل کی۔x

MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے "حکومت کا اٹل اختراع مشن: بھارت کے اختراع اور کاروباری ایکو نظام کو مستحکم بنائے جانے" کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، نیتی آیوگ کے اٹل اختراع مشن کے، مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر چنتن ویشنو کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

IMD WEATHER

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفر آباد کے زیادہ تر حصوں میں آج شدید سردی کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق ہریانہ، اوڈیشہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، راجستھان اور منی پور میں آج صبح سویرے اور دیر رات گھنا کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے۔

میگھالیہ، ناگالینڈ، میزورم اور آسام میں بھی اگلے دو سے تین روز کے دوران اسی طرح کی صورتحال کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے رایل سیما اور ساحلی آندھرا پردیش میں آج گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ دلی NCR میں اگلے دو روز کے دوران شام اور رات کے وقت میں دھنواں اور دھند اور ہلکا کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق اترپردیش، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان سمیت دلی اور آس پاس کی ریاستوں میں مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔x

SERBIA PROTEST

سربیا کی راجدھانی بلگراد میں کُل تقریباً 29 ہزار افراد، حکومت کے خلاف مظاہرہ کرنے کے لیے جمع ہوئے، جو حالیہ برسوں میں ابھی تک کا سب سے بڑا مظاہرہ ہے۔ یہ مظاہرہ، Novi Sad علاقے میں ایک ریلوے اسٹیشن کی چھت منہدم ہو جانے کے حادثے کے بعد 7 ہفتے تک الگ الگ جگہوں پر ملک گیر مظاہروں کے بعد کیا گیا ہے۔ مظاہرین نے اِس انہدام کی وجہ بڑے پیمانے پر بدعنوانی اور غیر معیاری کام کاج قرار دی ہے۔ مظاہرین نے ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری میں غفلت برتے جانے کا الزام لگایا ہے۔ اِس ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری، چین کی سرکاری کمپنیوں نے حالیہ برسوں میں دو بار کی تھی۔

Slavija Square پر اِس ریلی کو، سربیا کے صدر الیگزینڈر ووسِچ کی قیادت کے لیے ایک بڑا چیلنج مانا جا رہا ہے۔ ×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فیصل خان

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب اور دیگر کئی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے کویت کے دورے کی خبر کو پیش کرتے

ہوئے لکھا ہے کہ کوویت کے امیر نے وزیراعظم مودی کو اعلیٰ ترین اعزاز ”دی آرڈر آف مبارک الکبیر“ سے نوازا۔ ساتھ ہی روزنامہ پرتاپ نے بھارت اور کوویت کے درمیان کئی شعبوں میں باہمی تعاون پر اتفاق ہونے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر ہے وزیر داخلہ امت شاہ نے تریپورہ میں 668 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ زراعت اور دیہی ترقی کے بغیر ترقی یافتہ ملک کے خواب کو پورا کرنا ممکن نہیں ہے۔ جناب دھنکھڑ نے یہ بات زراعت دیہی ترقی اور صحافت میں شاندار کامیابیوں کے لیے چودھری چرن سنگھ ایوارڈ2024 پیش کرتے ہوئی کہی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور راشٹریہ سہارا نے سردی میں شدت ہونے اور سری نگر میں درجہ حرارت چار ڈگری سے نیچے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے بین الاقوامی صفحے کی کچھ خبریں ہیں:

- ایران میں مسافر بس کھائی میں گرنے سے 10 افراد ہلاک۔
- برازیل میں سڑک حادثے میں 38 افراد ہلاک۔
- مسجد نبوی میں ایک ہفتے کے دوران 67 لاکھ سے زیادہ زائرین کی آمد۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح مختلف سرکاری محکموں میں نئے مقرر کیے گئے افراد کو، 71 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔

2- وزیر اعظم آج نئیدلّ ی میں، کرسمس تقریبات میں بھی شرکت کریں گے۔

3- بھارت اور کویت نے سرحد پار سمیت، ہر طرح کی دہشت گردی کی، متفقہ طور پر مذمت کی ہے۔

4- آج ملک بھر میں، کسانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔

5- حکومت، ہوائیاڈ ّوں پر، مناسب قیمت والی کھانے پینے کی چیزیں فراہم کرنے کے لیے ’اُڑان یاتری کیفے‘ شروع کرے گی۔

6- پاکستان کرکٹ بورڈ نے، 2025 کی ICC چیمپئنس ٹرافی میں بھارت کے میچوں کے لیے، متحدہ عرب امارات کی، ایک غیر جانبدارانہ مقام کے طور پر تصدیق کی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------